قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم

# لَانَبِیَّ بَعْدِیْ وَلَا اُمَّۃَ بَعْدِیْ

(البیہقی)

## چیئرمین واپڈا توجہ کریں

## قربانی فضائل و مسائل

## فتنۂ انکارِ ختم نبوت
## اسلام کے خلاف فرنگی سازش

## گستاخ رسول کی سزا کا قانون اور ازالہ ایک غلط فہمی کا

## احتساب قادیانیت
## ایک تحریک۔ تعارف و تجزیہ


ذوالحجہ ۱۴۳۰ھ
دسمبر 2009ء

مسلسل اشاعت کے ۴۷ سال

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان

ماہنامہ
# لولاک
ملتان

جلد ۱۳
شمارہ ۱۲

مِنیٰ کا ایک خوبصورت منظر


www.khatm-e-nubuwwat.com
www.lolaak.clickhere2.net
www.laulak.info

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان

ماہنامہ

# لولاک

ملتان

شمارہ 12 ● جلد: ۱۳



بانی: مجاہد ختم نبوت حضرت مولانا تاج محمود رحمۃ اللہ علیہ

زیر سرپرستی: خواجہ خواجگان حضرت مولانا خان محمد صاحب مدظلہ العالی

زیر سرپرستی: حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب

نگران اعلیٰ: حضرت مولانا عزیز الرحمن جالندھری

نگران: حضرت مولانا اللہ وسایا

چیف ایڈیٹر: حضرت مولانا عزیز احمد

حضرت مولانا مفتی محمد شہاب الدین پوپلزئی

ایڈیٹر: صاحبزادہ حافظ مبشر محمود

مرتب: مولانا غلام رسول دینپوری

کمپوزنگ: یوسف ہارون

بیاد

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ
مجاہد ملت مولانا محمد علی جالندھریؒ
حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ
حضرت مولانا عبدالرحمن میانویؒ
شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد عبداللہؒ
حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ
حضرت مولانا محمد شریف بہاولپوریؒ
مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ
مناظر اسلام مولانا لال حسین اخترؒ
فاتح قادیان حضرت مولانا محمد حیاتؒ
حضرت مولانا محمد شریف جالندھریؒ
شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی احمد الرحمنؒ
پیر طریقت حضرت مولانا شاہ نفیس الحسینیؒ
حضرت مولانا مفتی محمد جمیل خانؒ
صاحبزادہ طارق محمودؒ

## مجلسِ منتظمہ

| | |
|---|---|
| علامہ احمد میاں حمادی | مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی |
| مولانا بشیر احمد | حافظ محمد یوسف عثمانی |
| مولانا محمد اکرم طوفانی | حافظ محمد ثاقب |
| مولانا فقیر اللہ اختر | مولانا مفتی حفیظ الرحمن |
| مولانا محمد نذر عثمانی | مولانا قاضی احسان احمد |
| مولانا غلام حسین | مولانا محمد طیب فاروقی |
| مولانا محمد اسحاق ساقی | مولانا محمد علی صدیقی |
| مولانا غلام مصطفیٰ | مولانا محمد حسین ناصر |
| چوہدری محمد اقبال | غلام مصطفیٰ چوہدری ایڈووکیٹ |
| مولانا عبدالرزاق | مولانا محمد قاسم رحمانی |
| مولانا عبدالستار حیدری | مولانا عبدالحکیم نعمانی |



رابطہ: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

حضوری باغ روڈ، ملتان فون: 061-458348614122

ناشر: عزیز احمد مطبع: شکیل پرنٹرز ملتان مقام اشاعت: جامع مسجد ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان


www.amtkn.com www.khatm-e-nubuwwat.com www.emaktaba.info

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## کلمۃ الیوم


| | | |
|---|---|---|
| چیئرمین واپڈا توجہ کریں | مولانا اللہ وسایا | 3 |


## مقالات و مضامین


| | | |
|---|---|---|
| گستاخ رسول کی سزا کا قانون اور ازالہ ایک غلط فہمی کا | ملک محمد حسین ایڈووکیٹ | 6 |
| قربانی فضائل و مسائل | مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی | 16 |


## رد قادیانیت


| | | |
|---|---|---|
| فتنہ انکار ختم نبوت......اسلام کے خلاف فرنگی سازش | مولانا مجاہد الحسینی | 19 |
| احتساب قادیانیت، ایک تحریک......تعارف و تجزیہ | مولانا اللہ وسایا | 23 |


## متفرقات


| | | |
|---|---|---|
| جماعتی سرگرمیاں | ادارہ | 48 |


WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.COM
WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.INFO
WWW.LAULAK.INFO

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

کلمۃ الیوم!

# چیئرمین واپڈا توجہ کریں!

## واپڈا کو لاکھوں کے نقصان کا ذمہ دار کون؟

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم • امابعد! آج بہت ہی دکھے دل کے ساتھ ایک اندوہناک مسئلہ پر ارباب اقتدار کو توجہ دلانا چاہتے ہیں۔ سب جانتے اور مانتے ہیں کہ ملک میں توانائی کا بحران ہے۔ سارا ملک وقفہ وقفہ سے اندھیرے میں ڈوب جانے کا معمول جاری ہے۔ حکومتی اعلانات کے علی الرغم لوڈشیڈنگ کا خوفناک عفریت ملک کو اپنی لپیٹ میں لئے ہوئے ہے۔

واپڈا ملک میں بجلی مہیا کرنے میں سو فیصد ناکام رہا ہے۔ لیکن آج تک کسی نے سوچا کہ وہ کون سے عوامل ہیں جن کے باعث واپڈا بدنام ہوا۔ وہ کون سے درندے ہیں جو واپڈا کی کھال، بال، گوشت نوچ نوچ کر آسٹریلیا کے دنبوں کی طرح پلے ہوئے ہیں۔ ہماری اس استدعا پر کون کان دھرے گا؟ لیکن کہے بغیر بھی چارہ نہیں۔

تو جناب عرض ہے کہ وہ درندے جو واپڈا کو لاکھوں کا نقصان پہنچا رہے ہیں وہ قادیانی گروہ ہے۔ جن کے چیف گرو مرزا غلام احمد قادیانی نے پچاس کو پانچ میں بدل دیا تھا۔ آیئے آج کی مجلس میں درج ذیل حقائق کا مطالعہ کیجئے۔ واپڈا کے قوانین کو جس برح طرح پامال کیا جارہا ہے یہ اس کی ایک ادنیٰ جھلک ہے۔ ہم نے یہ درخواست (۱)……صدر مملکت۔ (۲)……وزیراعظم۔ (۳)……چیئرمین واپڈا۔ (۴)……وفاقی وزیر خزانہ۔ (۵)……وفاقی وزیر بجلی و پانی۔ (۶)……وزیراعلیٰ پنجاب۔ (۷)……ڈائریکٹر ایف۔ آئی۔ اے کو رجسٹرڈ ڈاک سے بجوائی ہے۔

ظلم کی انتہاء دیکھئے کہ: (۱) اداشدہ رقم پینتیس لاکھ روپیہ قادیانیوں کو واپس کر دی گئی۔ (۲) سولہ لاکھ روپیہ واجب الاداء بل ہو جانے کے باوجود کنکشن منقطع نہ ہوا۔ سالہا سال سے بجلی کی سپلائی جاری ہے اور اب سولہ لاکھ کے بل کو پلیٹ میں رکھ کر اس قادیانی کو رعایت دی جاری ہے۔ (۳) حالانکہ سرے سے وہ کنکشن ہی واپڈا کے اصولوں کے خلاف جاری ہوا۔ (۴) ایک قادیانی جس کی ملازمت فیصل آباد میں ہے اور دن رات چناب نگر، چنیوٹ کے قادیانیوں کے واپڈا کے کیس ڈیل کر کے لاکھوں کا واپڈا کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ وزارت بجلی و پانی، چیئرمین واپڈا، چیف ایگزیکٹو سب خاموش ہیں۔ جیسے ملک میں قادیانیوں کی حکومت قائم ہوگئی ہے اور

WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.COM
WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.INFO
WWW.LAULAK.INFO

قادیانی درندے ملک کے خون کے آخری قطرہ کو چوسنے کے درپے ہیں۔ ہے کوئی اس ملک کا وارث جو اس معملہ کو حل کرے؟

چناب نگر کے قادیانی عناصر کی ملک دشمنی، واپڈا کی تباہی کے حساس معاملہ کی انکوائری کرائے۔ ہمیں یقین کامل ہے کہ اگر ذمہ دار، ودیانت دار آدمی سے انکوائری کرائی جائے تو تیل کمپنیوں کے بقایا صرف قادیانی عناصر کے گھپلوں کی ریکوری سے پورے ہوجائیں گے۔ لیجئے! تفصیلات بعد میں عرض کریں گے۔ آج کی مجلس سے صرف ایک درخواست ملاحظہ فرمایئے جو مولانا فقیر محمد صاحب سیکرٹری اطلاعات عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے دستخطوں سے ملک کے حکمرانوں کو بھجوائی گئی ہے، جو یہ ہے۔

بخدمت جناب طاہر بشارت چیمہ صاحب، ایم۔ ڈی پیپکو (واپڈا ہاؤس) لاہور

جناب عالی! السلام علیکم!

گذارش ہے کہ آپ کے علم میں محکمہ فیسکو کو پہنچائے جانے والے لاکھوں روپے کے نقصانات کی تفصیل پیش کی جارہی ہے۔

ا...... چناب نگر جو کہ قادیانیوں کا ہیڈ کوارٹر ہے۔ وہاں پر لگے ہوئے بجلی کے کئی کنکشنوں کی بلنگ میں محکمہ کے چند ایک مرزائی ملازم S.D.O، X.E.N اور فیسکو ہیڈ کوارٹر میں ملی بھگت اور اپنا اثر رسوخ استعمال کرکے فیسکو کو لاکھوں روپے کا نقصان پہنچا رہے ہیں۔ جن میں رفاقت احمد آڈٹ اسٹنٹ دفتر مینجر آڈٹ فیصل آباد جو کہ ہر وقت کیس لئے چنیوٹ ڈویژن میں گھومتا رہتا ہے اور ڈیوٹی بھی چنیوٹ میں ہمیشہ کرتا ہے۔ اس کے ساتھ بشارت ایکسین M&T سیکنڈ سرکل فیصل آباد اور مینجر MIS عزیز احمد فیسکو فیصل آباد اور مینجر آڈٹ فیصل آباد اس گھناؤنے کھیل کے کھلاڑی ہیں۔

۲...... اکاؤنٹ نمبر 24-3344-54013010 منظور شدہ لوڈ 136 کلوواٹ ٹیرف A-2(1) کو حال ہی میں ۳۵ لاکھ روپے کا کریڈیٹ جمع شدہ بلوں کا S.D.O چناب نگر کے ساتھ ساز باز کرکے ایک درخواست چیف ایگزیکٹو سے مارک کروا کر اور اس میں اپنی طرف سے مزید عبارت لکھ کر حاصل کیا ہے۔ جب بل ادا کردیئے گئے تھے تو پھر کریڈیٹ کیوں کیا گیا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ پہلے والا S.D.O ذیشان اور موجودہ S.D.O نے جان بوجھ کر یونٹ اور MD-1 کو پینڈنگ رکھا ہوا تھا۔ اگر 8\2006 کے یونٹوں کو سامنے رکھا جائے۔ جو کہ 24000 یونٹ ہیں۔ کہ یہ یونٹ جو چارج کئے گئے تھے اور کریڈیٹ کئے گئے وہ 10\06 سے 8\09 تک بالکل درست معلوم ہوتے ہیں۔ اس معاملے کی مکمل چھان بین کرکے ان آدمیوں کے

WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.COM
WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.INFO
WWW.LAULAK.INFO

خلاف کارروائی کی جائے اور کریڈیٹ کردہ رقم مبلغ /3500000 روپے وصول کئے جائیں اور اس کو ٹیرف A-2(B) غلط لگایا جارہا ہے۔ کیونکہ کوئی کمرشل کام کے لئے بجلی استعمال نہیں ہورہی ہے۔ لہٰذا گھریلو ٹیرف جو صحیح ٹیرف ہے لگایا جائے۔

۳...... اکاؤنٹ نمبر 24-3344-3021006 ٹیرف B-1 یہ کنکشن غلط ہے اور غلط لوڈ 10-2 کلوواٹ ظاہر کر کے جنرل ٹرانسفارمر سے کنکشن حاصل کیا گیا ہے۔ حالانکہ اس کا موقعہ پر صحیح چالو لوڈ تقریباً 59 کلوواٹ ہے۔ جس کے لئے علیحدہ ٹرانسفارمر چاہئے مگر S.D.O کی ملی بھگت سے جنرل ٹرانسفارمر سے بجلی چلائی جارہی ہے۔ جو خلاف قانون ہے اور اس کو کمرشل ٹیرف لگنا چاہئے۔ اس کے علاوہ اس کنکشن کے ذمے مبلغ ۱۵ لاکھ روپے سے زائد رقم واجب الوصول ہے۔ جس کو کئی سالوں سے رفاقت احمد آڈٹ اسسٹنٹ نے اپنے منیجر آڈٹ سے ملی بھگت اور ساز باز کر کے آج تک پینڈنگ کروایا ہوا ہے۔ اس کو فوری طور پر وصول کیا جائے اور ان ملازمین کے خلاف کارروائی کی جائے جو محکمہ کی رقم میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔

۴...... اس کے علاوہ فیسکو تقریباً 30 لاکھ روپے کی رقم جو آڈٹ نے وصولی کے لئے نکالی تھی۔ ان کنکشنوں کے خلاف جو کمرشل ٹیرف A-2(B) منظور کروائے گئے۔ مگر اس ساری رقم کو رفاقت احمد آڈٹ اسسٹنٹ نے اپنے منیجر آڈٹ سے ساز باز کر کے غلط طور پر ختم کروادیا۔ بلکہ ان پانچ چھ کنکشنوں کے ٹیرف A-2(B) سے ٹیرف (C) کروادیا۔ جو کہ ٹیرف سے متعلق ہے۔ مگر غلط کروایا گیا ہے۔ اس کی بھی مکمل انکوائری کروائی جائے اور رقم کی بھی وصولی کروائی جائے۔ ورنہ یہ سارا معاملہ وزارت سے اٹھایا جائے گا۔ مگر ہمیں آپ سے پوری امید ہے کہ فیسکو کا ایک ایک پیسہ وصول کیا جائے گا اور ان افراد کے خلاف کارروائی بھی عمل میں لائی جائے۔ اس کے علاوہ ریونیو آفیسر چنیوٹ کی انکوائری کر کے تفصیل حاصل کی جائے۔ اور کون کون سے کریڈٹ مرزائیوں کو دیئے گئے ہیں۔ انکوائری کے لئے آدمی واپڈا ہاؤس سے غیر جانبدار لئے جائیں۔

والسلام

کاپی برائے اطلاع وضروری کارروائی:

۱...... جناب تنویر صفدر چیمہ صاحب، چیف ایگزیکٹو فیسکو فیصل آباد۔

۲...... جناب ڈائریکٹر FIA پنجاب لاہور۔

۳...... ایکسین فیسکو چنیوٹ۔

۴...... ریونیو آفیسر فیسکو چنیوٹ۔

۵...... SDO واپڈا چناب نگر۔

۶...... صدر مملکت پاکستان۔

۷...... وزیر اعظم پاکستان۔

۸...... وزارت خزانہ۔

۹...... وفاقی وزیر بجلی و پانی۔

اور دیگر حضرات کو بھجوائی گئی۔

WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.COM WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.INFO WWW.LAULAK.INFO

# گستاخ رسول کی سزا کا قانون اور ازالہ ایک غلط فہمی کا!

تحریر: ملک محمد حسین ایڈووکیٹ

سوال ...... کیا توہین رسالت اور دیگر متبرک شخصیات کی اہانت کو پہلی مرتبہ 295-A.C اور 298-A.C تعزیرات پاکستان کی رو سے قانون کا حصہ بنایا گیا؟

جواب ...... نہیں! بلکہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی بعثت نبوت کے فوراً بعد سے اسلام اور اسلامی دنیا میں آپ ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی جرم رہی ہے اور اس کی سزا موت ہی تھی۔

## ثبوت و دلائل بمطابق ادوار

### ا...... دلائل از قرآن مجید

ا...... جب پہلی مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی قوم کے سامنے اللہ کی واحدانیت کا بحیثیت نبی اعلان فرمایا تو آپؐ کے حقیقی چچا ابولہب نے آپ کی شان اقدس میں گستاخی کی۔ جس پر رب العزت کو جلال آ گیا۔ پوری سورۃ اللھب میں اس گستاخی کی تباہی و بربادی کی پیشین گوئی فرمادی۔ جو من وعن پوری ہوئی۔

۲...... سورۃ الاحزاب میں فرمایا: ’’بے شک وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول کو ایذا دیتے ہیں ان پر اللہ کی لعنت ہے۔ دنیا اور آخرت میں ان کے لئے رسوا کن عذاب ہے۔‘‘

۳...... (سورۃ الانفال:۱۲) میں فرمایا: ’’پس تم ان کی گردنوں پر ضرب اور جوڑ جوڑ پر چوٹ لگاؤ۔ یہ اس لئے ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی۔ (اس کے علاوہ بھی متعدد مقامات پر اس کی وعید فرمائی ہے)‘‘

### ۲...... دلائل از احادیث شریف

ا...... کعب بن اشرف یہودی، نبی ﷺ کو گالیاں دیتا اور ہجو کیا کرتا تھا۔ آپ ﷺ کے حکم سے عمرو بن دینار نے اس ملعون کا کام تمام کر دیا۔

۲...... ابورافع یہودی، جناب رسالت مآب ﷺ کی شان میں گستاخیاں کرتا تھا۔ آپ ﷺ نے چند انصار کو بھیجا۔ جنہوں نے اسے جہنم واصل کرنے کی سعادت حاصل کی۔ (الصارم المسلول ص۲۱۰)

۳...... حضرت علیؓ بیان فرماتے ہیں کہ ایک یہودی عورت، آپ ﷺ کو گالیاں دیا کرتی تھی۔ ایک شخص نے محبت رسول ﷺ میں جوش میں آ کر اس کا گلہ گھونٹ کر اسے انجام تک پہنچا دیا۔ آپ ﷺ نے اس عورت کو خون کو رائیگاں قرار دیا۔ (الصارم المسلول ص۱۰۸،۱۰۹)

۴...... بنی خطمہ کی عورت، آپ ﷺ کی شان میں گستاخی کیا کرتی تھی۔ آپ ﷺ کی خواہش پر اس کے قبیلے کے ایک آدمی نے اس کا خاتمہ کر دیا۔

WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.COM
WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.INFO
WWW.LAULAK.INFO

۵...... حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جو انبیا علیہم السلام کو گالی دے قتل کیا جائے اور جو صحابہؓ کو گالی دے اسے کوڑے لگائے جائیں۔

۶...... واقدی کی روایت ہے کہ ایک شیخ ابوعفک جس کی عمر ۱۲۰ سال تھی۔ مدینہ میں آ کر لوگوں کو نبی ﷺ کی عداوت میں بھڑکایا کرتا تھا۔ سالم بن عمرؓ نے اسے قتل کر دیا۔ (مدارج النبوۃ ج۲ ص ۱۱۷۶)

۷...... علامہ ابن تیمیہ لکھتے ہیں۔ ’’اللہ کے رسول ﷺ نے بدر کے قیدیوں میں کسی کو قتل نہیں کرایا۔ سوائے عقبہ بن ابی معیط اور نضر بن حارث کے۔ کیونکہ یہ دونوں آپ ﷺ کو اپنے قول وفعل سے ایذا دیتے تھے۔‘‘

(الصارم المسلول ص ۱۵۶، ۱۶۰)

۸...... نبی کائنات ﷺ نے فتح مکہ کے دن ہر ایک سے ہاتھ روکنے کا حکم دیا۔ سوائے ان ۶ مردوں اور ۴ عورتوں کے، جو آنحضور ﷺ کی ایذا رسانی کے مرتکب ہوا کرتے تھے۔ حالانکہ باقی ہر جنگ میں آپ ﷺ کی طرف سے عورتوں کے قتل کی ممانعت تھی۔ (مدارج النبوۃ ص ۵۰۶)

۹...... ایک شخص آپ ﷺ کی شان عالیہ میں گستاخی کیا کرتا تھا۔ آپ ﷺ نے خالد بن ولیدؓ کو اسے جہنم واصل کرنے کی ذمہ داری سونپی تو انہوں بطریق احسن اس ذمہ داری کو نبھایا۔ (کتاب الشفاء ص ۳۸۴)

۱۰...... ایک شخص نے نبی ﷺ کی گستاخی کی تو حضرت زبیرؓ نے اسے جہنم واصل کیا۔ (کتاب الشفاء)

## شیعہ روایات

۱۱...... محمد بن مسلم امام باقرؒ سے روایت کرتے ہیں کہ ہذیل میں ایک شخص آپ ﷺ کو گالیاں دیا کرتا تھا۔ جب آپ ﷺ کو خبر پہنچی تو فرمایا کون ہے اس کے لئے تو دو انصاری صحابیؓ کھڑے ہوئے۔ جنہوں نے جا کر اس کی گردن اڑادی۔ (وسائل شیعہ ج ۱۸)

۱۲...... حضرت جعفر صادقؒ کا قول ہے: ’’میرے والد نے مجھے بتایا کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص میری گستاخی کرے اس کو قتل کردو۔‘‘ (وسائل شیعہ ج ۱۸)

۱۳...... امام رضاؒ نے روایت کیا۔ انہوں نے اپنے والد سے کہ جو نبی کائنات ﷺ کو گالی دے اسے قتل کیا جائے اور جو کسی صحابیؓ کو گالی دے اسے کوڑے لگائیں جائیں۔ (وسائل شیعہ ج ۱۸)

۱۴...... محمد حسین ہیکل اپنی تصنیف میں رقم طراز ہے کہ اسود عنسی نبوت کا مدعی ہوا تھا۔ آپ ﷺ کی زندگی کے آخری ایام میں فیروز دیلمیؓ نے اس کے گھر داخل ہو کر اسے قتل کیا۔ آپ ﷺ تک اطلاع پہنچی تو فرمایا جس نے اسے قتل کیا وہ خود بھی بابرکت اور اس کا خاندان بھی بابرکت ہے۔

۱۵...... مسیلمہ کذاب کے سفیروں کے بارے میں ابوداؤد اور طیالسی میں ابو وائل سے روایت ہے کہ ابن نواحہ اور ابن اثال کو حضور ﷺ کی خدمت میں بھیجا۔ آپؐ نے فرمایا کہ تم میرے اور مسیلمہ کے بارے میں کیا عقیدہ رکھتے ہو۔ انہوں نے جواب دیا۔ ہم مسیلمہ کے اللہ کا رسول ہونے کی گواہی دیتے ہیں۔ جس پر نبی کائنات ﷺ نے فرمایا کہ اگر قاصد کو قتل کرنا جائز ہوتا تو میں تمہیں قتل کرادیتا۔

WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.COM WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.INFO WWW.LAULAK.INFO

غور طلب مسئلہ یہ ہے۔ مندرجہ بالا تمام واقعات کا اگرچہ تعلق سیرت الرسول سے ہے۔ لیکن یہ خالصتاً حکم خداوندی تھے۔ مسلمان کا عقیدہ یہ کہ: ''فرمودہ رسول فرمودۂ خدا است'' اور قرآن کریم میں ہے کہ: ''وما ینطق عن الھویٰ ان ھوالا وحی یوحیٰ '' کہ نبی کائنات ﷺ تو اپنی مرضی سے بولتے ہی نہیں۔ جب تک کہ آسمانوں سے جبرائیل پیام خداوندی لے کر نہ اتریں۔ اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کے نبی ﷺ نے اللہ کے حکم سے گستاخان رسول کو قتل کیا۔ گویا یہ قانون تو اللہ احکم الحاکمین کا ہوا۔

## خلفاء راشدینؓ کا عمل

### امیر المؤمنین ابوبکرؓ صدیق کے دور میں

حضرت ابوبکرؓ صدیق کا دور شروع ہوتے ہی مسیلمہ کذاب مدعی نبوت کی سرکوبی کا مسئلہ درپیش آیا۔ جسے جناب صدیق اکبرؓ نے اتنی غیر معمولی اہمیت دی کہ انصار مہاجرین کے لشکر تیار فرمائے۔ حتیٰ کہ بدری صحابہ اور حفاظ کی ایک ایسی جماعت جسے آپ ﷺ عام حالات میں نہ بھیجتے تھے۔ انہیں بھی اس لشکر میں روانہ فرمایا۔ عکرمہؓ بن ابی جہل اور جناب شرحبیلؓ کی قیادت میں لشکر کو مسیلمہ کے بنی حنیفہ کے لشکر نے پسپا کر دیا۔ لیکن خالدؓ بن ولید کی قیادت میں لشکر اسلام نے جس میں ایک بہترین کمانڈر کی صلاحیت کا بہت بڑا دخل تھا اور جری بہادر مجاہدین نے خوب حمیت دین کا ثبوت دیا۔ پھر دونوں لشکروں کے برابر آدمی کام آئے۔ لیکن فتح اسلام کو نصیب ہوئی۔ حضرت وحشیؓ نے مسیلمہ کا کام تمام کر کے اس فتنہ کو اس کے انجام تک پہنچایا۔ لیکن حفاظ کی بڑی تعداد جام شہادت نوش کر گئی۔ فائدہ یہ ہوا کہ خلیفۃ الرسول ﷺ نے باقاعدہ تدوین قرآن کا کام شروع کرا دیا۔

### عمر فاروقؓ خلیفہ دومؓ کا عمل

ایک یہودی اور مسلمان نما منافق کا جھگڑا تھا۔ دونوں نے معاملہ سرور کونین ﷺ کی خدمت میں پیش کیا۔ نبی ﷺ نے فیصلہ یہودی کے حق میں دیا۔ تو منافق نے کہا کہ حضرت عمرؓ سے بھی فیصلہ کرا لیتے ہیں۔ یہودی نے اتفاق کر لیا۔ وہاں پہنچے تو اپنا معاملہ پیش کیا۔ یہودی نے کہا۔ آپ سے پہلے یہ فیصلہ نبی ﷺ سے بھی کرا چکے ہیں۔ لیکن اس نے کہا کہ یہ فیصلہ آپ سے بھی کرا لیا جائے۔ جناب فاروق اعظمؓ نے مسلمان نما منافق سے دریافت کیا کہ کیا یہ یہودی درست کہتا ہے۔ اس کی تصدیق پر فاروق اعظمؓ گھر تشریف لائے اور تلوار لے جا کر اس کا سر قلم کر دیا اور فرمایا جو آدمی سرور کونین ﷺ کے فیصلے پر راضی نہ ہو اس کے بارے میں عمرؓ کا فیصلہ یہی ہے کہ اسے دھرتی پر جینے کا حق ہی نہیں ہے۔ (تفسیر روح المعانی ج۵ ص۶۷، الصارم المسلول ۷۹، ۸۰)

حضرت عمرؓ کے پاس ایک آدمی لایا گیا۔ جس نے نبی اکرم ﷺ کو گالیاں دی تھیں۔ انہوں نے اسے قتل کر دیا۔ (الصارم المسلول ص۲۷۲)

## حضرت علیؓ کا گستاخ رسول کو سزا دینا

ایک شخص نے نبی کائنات ﷺ کو مال غنیمت پر ٹوکا تھا، اور کہا تھا کہ اے محمد ﷺ عدل کیجئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ تیری ماں تجھے روئے اگر میں عدل نہیں کروں گا تو کون کرے گا۔ حضرت علیؓ نے اسے جہنم واصل کیا تو آپ ﷺ نے اس پر اطمینان کا اظہار فرمایا۔

## خالد بن ولیدؓ کا گستاخ رسول کو سزا دینا

مالک بن نویرہ نے شان نبوت میں گستاخی کی نیت سے کچھ الفاظ کہے۔ حضرت خالد بن ولیدؓ نے بھانپ لیا اور اس گستاخ کو قتل کر دیا۔

## عبداللہ بن مسعودؓ کا فیصلہ

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کو اطلاع ملی کہ مسجد میں کچھ لوگ مسیلمہ کذاب کی رسالت کے قائل ہیں۔ آپ نے انہیں گرفتار کرا لیا لیکن وہ تائب ہو چکے تھے۔ آپ نے سب کو چھوڑ دیا ماسوائے عبداللہ بن النواحہ کے اسے سزائے موت دی۔ استثناء پر فرمایا وہ شخص ہے جو مسیلمہ کذاب کا سفیر بن کر حضور اکرم ﷺ کے پاس آیا تھا اور آپ کے پوچھنے پر مسیلمہ کذاب کی رسالت کا بھی اقرار کیا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا تھا۔ اگر سفیروں کو قتل کرنا جائز ہوتا تو میں تمہیں قتل کر دیتا۔ میں نے آج اسے اس کی سزا دی ہے۔ (طحاوی)

## حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا فتویٰ

حضرت حسینؓ کی روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے کہا جو شخص رسول کریم ﷺ کو گالی دے اسے قتل کیا جائے۔ (الصارم المسلول ۱۲۷)

## گستاخ رسول کے بارے میں اجماع امت

جب ذمی، اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو گالی دے تو اس کا عہد ٹوٹ گیا اور وہ واجب القتل ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی مسلم اس کا مرتکب ہو تو اسے بھی قتل کیا جائے گا۔ (الصارم المسلول ص ۷)

## عرفۃ بن الحارثؓ اور عمرو بن العاصؓ کا نظریہ

حضرت عرفۃ بن الحارثؓ نے حضرت عکرمہؓ ابن ابی جہل کے ساتھ یمن میں مرتدین کے خلاف جہاد میں حصہ لیا۔ اس کے پاس سے ایک عیسائی گزرا جس کا نام بیندقون تھا۔ آپ نے اسے اسلام کی دعوت دی۔ اس نے آپ ﷺ کی شان میں گستاخانہ حملہ کر دیا۔ آپ اسے پکڑ کر والی مصر حضرت عمرو بن العاصؓ کے پاس لے گئے۔ والی مصر نے نصاریٰ کو بلایا تو انہوں نے کہا آپ ہماری جان و مال کے تحفظ کا ذمہ لے چکے ہیں۔ حضرت عرفہؓ نے فرمایا معاذ اللہ ہم نے ذمہ داری لی ہے کہ ہمیں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے بارے میں ایذا دی جائے۔ ہم نے صرف

WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.COM
WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.INFO
WWW.LAULAK.INFO

یہ ذمہ داری لی ہے کہ ان کی عبادت گاہوں کے درمیان مداخلت نہیں کریں گے۔ جان و مال کی حفاظت کریں گے۔ ان کے مقدمات کا احکام الٰہی کے مطابق فیصلہ کریں گے۔ عمرو بن العاص نے یہ سن کر فرمایا صدقت آپ نے سچ کہا۔ (رواہ الطبرانی فی الاوسط) معلوم ہوا کہ ذمی کو بھی اسلامی ریاست میں اگر وہ شان نبوت ﷺ میں گستاخی کرے اس کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ جس طرح خلفاء راشدینؓ اور دیگر صحابہؓ نے اپنے اپنے ادوار میں گستاخان و شاتمان رسول کے لئے نرم گوشہ نہیں رکھا۔ اس کے بعد آنے والے اسلامی حکمرانوں کے فیصلہ جات مندرجہ ذیل ہیں۔

## حضرت عمرو بن عبدالعزیزؒ کا مؤقف

آپ نے عامل (گورنر) کوفہ کے استفسار پر لکھا۔ اس شخص کی جو سرور عالم ﷺ کی شان میں گستاخی کا مرتکب ہو، ان کے علاوہ کسی دوسرے کو گالی دینے کی وجہ سے قتل نہیں کیا جائے گا۔ (کتاب الشفاء ج۲ ص۸۳)

## خلیفہ ہارون الرشید کا امام مالکؒ سے فتویٰ حاصل کرنا

عباسی خلیفہ ہارون الرشید نے امام مالکؒ سے دریافت کیا کہ عراق کے علماء نے شاتم رسول کے لئے کوڑوں کی سزا تجویز کی ہے۔ امام مالکؒ نے جواباً غصہ کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا۔ جو شخص حضور ﷺ کو گالی دے واجب القتل ہے۔ جو صحابہؓ کو برا کہے گالیاں دے اس کو کوڑے مارے جائیں۔ (الشفاج۲ ص۳۸۷، ۳۸۸)

## موسیٰ بن مہدی عباس کے دور میں

عباسی خلیفہ موسیٰ بن مہدی الملقب بہ ہادی کے عہد میں ایک شخص نے قبیلہ قریش کو برا بھلا کہا اور حضور نبی اکرم ﷺ کی ذات پاک کے متعلق گستاخی کی۔ خلیفہ کے سامنے لایا گیا۔ اس نے علماء و فقہاء کو جمع کیا اور فتویٰ معلوم کیا۔ انہوں نے قتل کا فتویٰ جاری کیا۔ خلیفہ نے کہا اس سے قریش کی اہانت ہی کافی تھی۔ کیونکہ حضور ﷺ کا تعلق خاندان قریش سے ہے۔ اس دشمن خدا نے رسول اللہ ﷺ کو بھی شامل کرلیا۔ چنانچہ اس کا سر قلم کردیا جائے۔

(تاریخ خطیب ج۱۳ ص۲۳، تاریخ اسلام معین الدین ندوی ج۳ ص۸۲)

## سلطان نورالدین زنگی اور گستاخان رسول

۵۷۷ھ میں سلطان نورالدین زنگی کے زمانے کا واقعہ کسی زمانے کا مشہور واقعہ ہے۔ تین راتیں نورالدین زنگی کو حضور سرور کونین ﷺ نے خواب میں دو نیلی آنکھوں والے دکھلا کر حکم دیا۔ مجھے ان سے حفاظت کرو۔ جب سلطان نے مدینہ پہنچ کر کھوج لگالیا تو عقدہ کھلا کہ دو نصرانیوں نے ایک سرائے سے حضور ﷺ کے روزہ اقدس تک زیر زمین سرنگ کھود رکھی تھی۔ انہوں نے تسلیم کیا کہ عیسائی بادشاہوں نے ان کو بیش بہا دولت دے کر حضور ﷺ کا جسم اطہر نکال لانے پر مامور کیا تھا۔ سلطان آتش غضب سے بھڑک اٹھا۔ ان دونوں کو قتل کرادیا اور حجرہ مبارک کے گرد بنیادیں گہری کھدوا کر بھردی گئیں۔ تاکہ آئندہ کسی ملعون کو آپؐ کی لحد مبارک تک رسائی کا موقع نہ ملے۔

WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.COM
WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.INFO
WWW.LAULAK.INFO

## سلطان صلاح الدین ایوبی اور گستاخان رسول

ا...... شیطان صفت پرنس ارطاق والئی کرک ریجی نالڈ نے جزیرہ نمائے عرب پر لشکر کشی کی تا کہ روضہ اقدس کو منہدم اور خانہ کعبہ کو مسمار کرے۔ مدینہ سے اسلامی لشکر مقابلہ کے لئے روانہ ہوئے۔ جن کو دیکھ کر وہ اپنے جہازوں کو چھوڑ کر پہاڑوں اور جنگلوں میں بھاگے۔ مسلمان سپاہ نے انہیں ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ لیکن ریجی نالڈ جان بچانے اور بھاگ جانے کے بعد بھی اپنی حرکتوں سے باز نہیں آیا۔ مسلمان کے ایک کارواں کو ۱۱۷۹ء میں لوٹا اور تمام آدمی گرفتار کر لئے۔ بادشاہ یروشلم نے واپسی کے لئے سفیر بھیجے تو اس نے مذاق اڑایا۔ اسی طرح پھر اس بدبخت نے ۱۱۸۳ء میں وہی حرکت دہرائی۔ ۱۱۸۶ء میں مسلمان تاجروں کا ایک قافلہ لوٹ کر اہل قافلہ کو گرفتار کر لیا۔ جب ان لوگوں نے رہائی کے لئے کہا تو اس دشمن خدا نے کہا تم محمد رسول اللہ ﷺ پر ایمان رکھتے ہو۔ اس سے کیوں نہیں کہتے وہ آ کر تم کو چھڑائے۔ جس وقت سلطان صلاح الدین ایوبی کو بھی ریجی نالڈ کی اس گستاخانہ گفتگو کی خبر ملی تو اس نے قسم کھائی کہ اگر خدا نے چاہا تو اس کافر کو میں اپنے ہاتھوں سے قتل کروں گا۔ صلیبی جنگوں میں فرنگیوں کو شکست ہوئی تو بادشاہ اور ریجی نالڈ سلطان کے سامنے پیش کئے گئے۔ اس نے ریجی نالڈ کو پہچان لیا اور اسے اپنی قسم بھی یاد آ گئی۔ ریجی نالڈ کو اس کی بد اعمالیاں گنوائیں اور خود اس کا سر قلم کر دیا۔ اس کے بعد فرمایا کہ ہم مسلمان ہیں لوگوں کو خواہ مخواہ قتل نہیں کرتے۔ ریجی نالڈ کو گستاخی رسول ﷺ کرنے کی پاداش میں قتل کیا گیا ہے۔

(ابن اثیر ج ۱۱ ص ۸۲، کتاب الروضین ج ۲ ص ۸)

۲...... سلطان صلاح الدین ایوبی نے ایک شخص کو یہ شعر کہنے پر علماء دین سے فتویٰ لے کر قتل کرا دیا۔

وکان مبدا هذا الدین من رجل

سعی فاصبح یدعی سید الامم

ترجمہ: اس دین کا آغاز ایک ایسا شخص ہے جس نے کوشش کی اور امتوں کا سردار بن گیا۔ حضرت ابن حبان کا قول ہے کہ جو شخص یہ عقیدہ رکھے کہ نبوت اکتسابی ہے۔ وہ شخص زندیق ہے۔ اسے قتل کیا جانا چاہئے۔

(جمادی الاول سنہ ۱۳۹۶ء، اپریل ۱۹۷۶ء)

واضح رہے۔ اس زمرہ میں مرزائیوں کا بھی یہی عقیدہ ہے کہ ہر شخص ترقی کر سکتا ہے اور بڑے سے بڑا درجہ پا سکتا ہے۔ حتیٰ کہ (محمد رسول اللہ ﷺ) سے بھی بڑھ سکتا ہے۔

(ڈائری مرزا محمود ابن مرزا قادیانی اخبار الفضل ۱۷ جولائی ۱۹۲۲ء)

## فقہائے اندلس اور گستاخان رسول

ابراہیم فرازی ماہر علوم مشہور زمانہ شاعر تھا۔ وہ قاضی العیاض بن طالب کی علمی مجلس میں شریک ہوا کرتا تھا۔ معلوم ہوا وہ خداوند تعالیٰ اور انبیاء کرام علیہم السلام اور خاتم الانبیاء ﷺ کی بارگاہ میں گستاخیاں کرتا ہے اور مذاق اڑاتا ہے تو قاضی اور دیگر فقہاء نے اس کو عدالت میں طلب کیا اور اس کا یہ عمل ثابت ہونے پر پھانسی کی سزا دی گئی۔

(الشفاء ج ۲ ص ۳۷۸، از قاضی عیاض مالکی)

WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.COM
WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.INFO
WWW.LAULAK.INFO

## قرطبہ میں گستاخان رسول کا انجام

قرطبہ کے پادری یولوجینس نے ۱۸۵۰ء میں سرعام پیغمبر علیہ السلام کی گستاخی کا آغاز کیا۔ یہ امیر عبدالرحمٰن کا زمانہ تھا۔ منع کرنے کے باوجود پادری اپنی حرکتوں سے باز نہ آیا تو امیر عبدالرحمٰن کے بیٹے (امیر محمد) کے ہاتھوں کیفر کردار کو پہنچا۔ (لین پول استوری آف دی نیشنز ج ۲ ص ۹۲۴۲)

اسی طرح فلورا قرطبہ کی نوجوان حسین دوشیزہ تھی۔ اس نے تحریک توہین رسالت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور اسی سلسلہ میں اس کی ملاقات یولوجینس سے ہوگئی۔ جو اس کے عشق میں پھنس گیا۔ کافی عرصہ بعد ایک دن وہ کلیسا گئی۔ وہاں اس کی ملاقات میری نامی ایک عیسائی لڑکی سے ہوئی۔ وہ بھی حضرت محمد کریم ﷺ کی شان میں گستاخی کرتی تھی۔ دونوں قاضی کے پاس آئیں اور حضور اقدس ﷺ کی شان میں پے در پے گستاخانہ کلمات کہے۔ قاضی نے ان کو باز رہنے کی تلقین کی۔ لیکن وہ باز نہ آئیں اور گستاخی کا ارتکاب کرتی رہیں۔ چنانچہ ۲۴ر نومبر ۸۵۱ء کو انہیں قتل کر دیا گیا۔ (عبرت نامہ اندلس ج ا ص ۴۶۰، ۴۹۱، تاریخ اندلس از سید ریاست علی)

## پرفیلکس اور گستاخ رسول کی سزا

پرفیلکس سینٹ ایکلس کے گرجا کا ایک پادری تھا۔ جو عربی زبان میں مہارت رکھتا تھا۔ اس نے سربازار کچھ مسلمانوں کے سامنے حضور اقدس ﷺ کی شان میں گستاخی کی، قاضی کے سامنے پیش کر کے اس سر قلم کر دیا گیا۔ (عبرت نامہ اندلس ج ا ص ۴۷۱، ۴۷۳)

## راہب اسحاق اور امیر عبدالرحمان کا حکم

راہب اسحاق ۲۴ برس کی عمر میں مبالغہ کی حد تک مسیحی خانقاہ میں گوشہ نشین ہوگیا اور وہاں متعصب پادریوں کی تصانیف کے مطالعہ کی وجہ سے اس کے دل میں اپنی جان دے کر بزرگی کا جوش پیدا ہوا۔ ایک دن خانقاہ سے نکل کر قرطبہ پہنچا اور قاضی کے سامنے اس نے اسلام کی قبولیت کے لئے ہدایات حاصل کرنے کا مطالبہ کیا۔ قاضی نے خوش ہو کر سمجھانا شروع کیا۔ اس نے برملا حضور ﷺ پر سب وشتم کیا۔ جب سمجھانے پر اسے بھی برا بھلا کہا۔ قاضی نے اسے جیل بھیج دیا۔ معاملہ امیر عبدالرحمٰن تک پہنچا تو اس نے اس گستاخ رسول کی گردن زنی کا حکم جاری کر دیا۔ جس پر جون ۸۵۱ء میں عمل درآمد ہوا۔ (عبرت نامہ اندلس ۴۷۹ تا ۴۸۱)

اس واقعہ کے دو دن بعد ایک افریقی عیسائی (سانکو) جو پادری یولوجینس کا شاگرد تھا۔ عبدالرحمٰن کی محافظ فوج کا سپاہی تھا نے پیغمبر اسلام کو گالیاں دیں اور قتل ہو کر واصل جہنم ہوا۔ (عبرت نامہ اندلس ج ا ص ۴۸۱)

اس کے بعد اتوار کے روز چھ عیسائی راہب ۷ر جون کو قاضی کے سامنے آئے اور کہا ہم بھی اپنے دینی بھائیوں اسحاق اور سانکو کے الفاظ کا اعادہ کرتے ہیں اور حضور سرور کائنات ﷺ پر سب وشتم کرنے لگے اور یہ چھ کے چھ قتل کر دیئے گئے۔ (عبرت نامہ اندلس ج ا ص ۴۸۱)

WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.COM
WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.INFO
WWW.LAULAK.INFO

## سیسی نند گستاخ رسول کا انجام

سنت ایلکس کلوس کے گرجا کا ایک پادری جس کا نام سیسی نند تھا۔ نبی کریم ﷺ کی گستاخی کی تحریک پر واصل جہنم ہوا۔

## تھیوڈیر کا قتل

تھیوڈر شہر فرسونہ کا ایک نوجوان راہب تھا۔ توہین رسول ﷺ کا مرتکب ہوکر مسلم حکومت کے حکم پر قتل ہوا۔

## آ ئزک کا قتل

پرفیکلس کی طرح آئزک بھی قاضی کی عدالت میں حاضر ہوا اور مسلمان ہونے کا ارادہ ظاہر کیا۔ جیسے ہی قاضی نے اسلام کے حقائق بیان کرنے شروع کئے۔ اس نے سب وشتم کرنا شروع کردیا۔ قاضی سے برداشت کرنا مشکل ہوگیا اور اسے طمانچہ رسید کردیا اور کہا جانتا ہے اسلام میں اس کی سزا قتل ہے۔ تو اس نے کہا خدا فرماتا ہے مبارک ہیں وہ لوگ جو دینداری کے لئے ستائے جائیں۔ آسمان کی بادشاہت ان کے لئے ہے۔ اس کو قتل کیا گیا اور وہ اپنے انجام کو پہنچا۔ (تاریخ اندلس از سید ریاست علی ندوی)

یہ دور سیاہ بدبختی کا انتہائی دور تھا اور اس وقت کے مسلمان حکمرانوں کے فیصلے سیاہ رات میں ستاروں کی مانند چمکتے نظر آتے ہیں۔ اسی طرح این میری شمل بھی ان گستاخوں کی دانستہ طور پر پیغمبر علیہ السلام توہین کی سزا میں قتل ہونے کی طرف اشارہ کرتی ہیں۔ (بحوالہ این میری شمل محمد ﷺ اینڈ ہز میسنجر ص۱۶۵ انگریزی)

## مغلیہ دور حکومت میں گستاخ رسول کو سزائے موت

عبدالرحیم قاضی متھرا نے شیخ عبدالغنی چیف جسٹس کو استغاثہ بھیجا کہ مسلمان وہاں ایک مسجد کی تعمیر کا ارادہ رکھتے ہیں۔ ایک سرکش برہمن نے ان کا سارا عمارتی سامان اٹھوالیا اور اس سے ایک بت خانے کی تعمیر شروع کروادی۔ جب تادیبی کارروائی کی گئی تو اس نے گواہوں کی موجودگی میں رسالتمآب ﷺ کو برا بھلا کہنا شروع کردیا۔ چیف جسٹس نے ان کو طلب کیا۔ اس نے پیش ہونے سے انکار کردیا۔ اکبر بادشاہ کا زمانہ تھا اس نے بیربل اور شیخ ابوالفضل کو بھیجا اور اسے لے آئے۔ شیخ ابوالفضل نے اپنی مکمل تحقیق جو گواہوں سے کی بیان کی کہ اس نے واقعی گالیاں بکی ہیں۔ علماء کے معاملے میں دوگروہ ہوگئے۔ ایک کا فتویٰ قتل تھا اور دوسرا تعزیر کا۔ بحث طویل ہوگئی۔ شیخ نے بادشاہ سے قتل پر اصرار کیا۔ شاہی محل کی بیگمات سفارشی تھیں۔ بادشاہ نے واضح حکم دینے کی بجائے گول کر دیا۔ شرعی مسئلہ ہے۔ آپ ہم سے کیا پوچھتے ہیں۔ بالآخر شیخ عبدالغنی نے اس گستاخ رسول کے قتل کا حکم دیا اور اس کی گردن ماردی گئی۔ (التواریخ عبدالقادر بدایونی)

### دوسرا واقعہ

ایک ہندو مورخ اپنی تصنیف ’’پنجاب کا آخری مغل دور حکومت‘‘ ص۱۱۲ پر لکھتا ہے۔ حقیقت رائے بھاگ

WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.COM
WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.INFO
WWW.LAULAK.INFO

ملپوری سیالکوٹی کھتری کا پندرہ سالہ لڑکا تھا۔ جس کی شادی بٹالہ کے کشن سنگھ بھٹہ سکھ کی لڑکی سے ہوئی۔ حقیقت رائے سکول میں پڑھ رہا تھا۔ یہاں ایک مسلمان استاد نے ہندو دیوتاؤں کے خلاف توہین آمیز باتیں کیں۔ حقیقت رائے نے پیغمبر اسلام اور حضرت فاطمۃ الزہراء کی شان میں گستاخی کی۔ حقیقت رائے کو اس جرم میں گرفتار کر کے لاہور عدالت پیش کیا گیا۔ ہندوؤں میں ہل چل مچ گئی۔ کچھ ہندو افسر پنجاب کے گورنر زکریا خان کے پاس پہنچے کہ حقیقت رائے کو معاف کر دیا جائے۔ لیکن زکریا خان نے سفارش نہ سنی۔ سزائے موت پر نظر ثانی سے انکار کر دیا۔ مجرم کو پہلے ستون سے باندھ کر کوڑوں کی سزا دی گئی۔ پھر اس کی گردن اڑا دی گئی۔ واضح رہے کہ کوڑوں کی سزا حضرت فاطمہؓ کی شان میں گستاخی پر اور سزائے موت حضرت اقدس ﷺ کی شان میں گستاخی پر دی گئی۔ وہی مؤرخ لکھا ہے کہ بسنت کا میلہ حقیقت رائے کی یاد میں منایا جاتا ہے۔

لیکن افسوس! آج مسلمان بسنت کی حقیقت سے ناآشنا ہو کر اس مکروہ رسم ادا کر کے قہر خداوندی کو دعوت دے رہے ہیں۔ محمد اسماعیل قریشی صاحب سینئر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ اپنے مضمون ''رسول اللہ ﷺ کی گستاخی کے قانون پر بے جا اعتراض'' میں لکھا ہے۔ سلطنت مغلیہ کے سقوط کے بعد ۱۸۶۰ء میں برٹش گورنمنٹ نے توہین رسالت کا قانون منسوخ کیا تو مسلمان سرفروشوں نے قانون کو اپنے ہاتھ میں لے لیا اور گستاخان رسول کو کیفر کردار تک پہنچاتے رہے۔ (ناموس رسالت اور قانون توہین رسالت از محمد اسماعیل قریشی ص ۴۶۷، ۴۶۸)

## انگریزی دور حکومت ہندوستان اور قانون توہین رسالت

اس سے یہ تو اظہر من الشمس ہے کہ ۱۸۶۰ء سے قبل ہندوستان میں توہین رسالت کی سزا سزائے موت کا قانون موجود تھا اور ایک اور بات جو میں نے اپنے مضمون ''جمیعت نام تھا جس کا'' طبع شدہ روزنامہ جنگ ملتان ۳ راکتوبر ۲۰۰۹ء میں واضح طور پر تحریر کی تھی۔ ''جو دشمنان اسلام تحفظ ناموس رسالت سمیت دیگر قوانین کو ختم کرنے کا سوچ رہے ہیں۔ وہ دراصل ایک اور فساد کی بنیاد رکھنا چاہتے ہیں۔ جب مسلم معاشرہ میں ختم المرسلین کی اہانت کی کھلی چھٹی قانوناً مل جائے گی تو اسے مسلمان کبھی برداشت نہیں کریں گے اور ابھری ہے کہ اس ملک میں یہ قانون برقرار رہنا چاہئے جو اس ملک میں سلمان رشدیوں کی فصل اگنے سے روک سکے۔''

اس کے بعد جب ۱۸۶۰ء میں فرنگی حکومت نے تعزیراتی قوانین تبدیل کئے تو اس میں سابق قانون توہین رسالت کو اس کی اصل شکل میں لانے کی بجائے ایک دفعہ ۲۹۸ شامل کر دی۔ جس میں کسی کی اہانت کو جس سے کسی کے مذہبی جذبات مجروح ہوتے ہوں۔ اسے جرم قرار دیا گیا۔ لیکن نہ تو شخصیات کی تعیین کی گئی اور نہ ہی خصوصی طور پر حضور اکرم ﷺ آپؐ کے صحابہ یا برگزیدہ شخصیات کی صراحت کی گئی۔

## اسلامی جمہوریہ پاکستان اور توہین رسالت کا قانون

جب اللہ کے فضل وکرم اور ''پاکستان کا مطلب کیا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ'' کے نعرے اور جذبہ کی برکت سے اللہ نے ملک عطاء فرما دیا۔ چاہئے تو یہ تھا اللہ پاک کے رسول اور آپ ﷺ کے پیارے صحابہؓ



WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.COM WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.INFO WWW.RAULAK.INFO

اور خاندانِ نبوت کے سلسلہ میں صحیح حالت میں قوانین مرتب ہوتے اور اس سے صحیح معنوں میں اس کے احسان کا شکر ادا کیا جاتا۔ لیکن وہ قوانین اسی حالت میں تعزیرات پاکستان میں شامل کرنے پر اکتفاء کیا گیا۔ اس سے حوصلہ کو پاکر بہت سے فتنوں نے سر اٹھایا۔ ملک کے گوشے گوشے سے مسلسل اس کے متعلق تحریکیں چلتی رہیں۔ بالآخر ۱۹۷۸ء میں توہین رسالت اور دیگر شخصیات مقدسہ کی توہین کے لئے قانون سازی ہوئی اور 295-AtoC اور 298-AtoC منظور ہوئے۔ جس میں اسلام کی اصل روح کے مطابق توہین رسالت مآب ﷺ کی سزا موت یا عمر قید مقرر کی گئی۔ لیکن ایک خامی رہ گئی کہ پیغمبر اسلام ﷺ کی گستاخی کی سزا موت کے ساتھ ساتھ عمر قید بھی رکھی گئی۔ چنانچہ جناب محمد اسماعیل قریشی سینئر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے ۱۹۹۱ء میں اس کی تصحیح کے لئے فیڈرل شریعت کورٹ میں بذریعہ رٹ چیلنج کیا۔ جس میں ۷ ججوں کی فل بینچ نے اس گھناؤنے جرم توہین رسالت ﷺ کی سزا صرف اور صرف موت ہی قرار دی۔ عمر قید کے الفاظ قانون سے حذف کرنے کا حکم دیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مملکت خداداد پاکستان میں جن کے دل میں حضور ﷺ کے خلاف کے بغض کا روگ تھا اس قانون کے ڈر سے ارتکاب سے باز رہے۔ اگر اکا دکا واقعات کہیں ہوئے تو قانون حرکت میں آیا۔

## حرف آخر

مندرجہ بالا تمام حوالہ سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہوگئی ہے کہ قانون توہین رسالت ﷺ نے تعزیرات پاکستان سے ہی جنم نہیں لیا۔ بلکہ یہ قانون تو بعثت خاتم المرسلین ﷺ سے لے کر ہر دور میں موجود رہا۔ ویسے بھی یہ تصور تو کوئی کوڑ مغز ہی کر سکتا ہے کہ اللہ احکم الحاکمین اپنے پیغمبر کی توہین کی کھلی چھٹی دے دیں۔ اگر اب کوئی حکومت اقتدار کے خمار میں ایسا کرنے کی کوشش کرے گی تو اسے فرمان خداوندی ملحوظ خاطر رکھنا چاہئے کہ: ”قل ان کان اٰبائکم وابنائکم واخوانکم وازواجکم وعشیرتکم واموال اقترفتموها وتجارة تخشون کسادها ومسٰکن ترضونها احب الیکم من اللّٰه ورسوله وجهاد فی سبیله فتربصوا حتیٰ یاتی الله بامره والله لا یهدی القوم الفاسقین“ یعنی اگر آباء واجداد، مال ودولت، الغرض دنیا میں موجود کسی چیز سے محبت اگر تم اللہ اور رسول سے بڑھ کر کرو تو عذاب خداوندی کا انتظار کرو۔ گویا ہمارے حکمرانوں کا یہ فیصلہ غضب الٰہی کو دعوت ہی ہوئی اور قہار ذات نے اپنے عذاب کے تذکرے میں فرمایا کہ: ”ان بطش ربك لشدید “ کہ تیرے رب کی پکڑ بہت سخت ہے۔ ہمارے حکمرانوں کو بزدلی کے اس رویے کو ترک کر کے عصمت ناموس رسالت ﷺ کی اہمیت کو اقتدار سے مقدم سمجھنا چاہئے۔

نہ جا اس کے تحمل پہ کہ بے ڈھب ہے گرفت اس کی
ڈر اس کی دیر گیری سے کہ ہے سخت انتقام اس کا

✿✿✿✿✿✿✿

WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.COM
WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.INFO
WWW.LAULAK.INFO

# قربانی فضائل و مسائل!

مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی

قربانی حضرت آدم علیہ السلام کے دور سے ہر زمانہ میں واجب رہی ہے۔ قربانی کی موجودہ حالت حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دور سے شروع ہوئی۔ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خواب دیکھا کہ وہ اپنے بیٹے کو ذبح کر رہے ہیں تو اپنے اکلوتے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام سے اپنے خواب کا تذکرہ فرمایا تو انہوں نے جواب کہا: ''ابا جان جو آپ نے خواب دیکھا ہے پورا کیجئے۔ انشاء اللہ آپ مجھے صابرین میں سے پائیں گے۔'' تو سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے پیشانی کے بل لٹا کر پوری قوت کے ساتھ چھری چلائی۔ لیکن چھری نہ چلی تو اللہ پاک نے جنت سے ایک مینڈھا بھیجا جو حضرت اسماعیل علیہ السلام کے قائمقام ذبح کر دیا گیا۔ مسلمان ہر سال اسی قربانی کی یاد میں قربانی کرتے ہیں۔ چنانچہ حدیث پاک میں آتا ہے۔ صحابہ کرامؓ نے سوال کیا یا رسول اللہ ﷺ ''اے اللہ کے رسول یہ قربانی کے جانور کیا ہیں۔ (یعنی ہم قربانی کیوں کرتے ہیں)'' تو رحمت عالم ﷺ نے فرمایا: ''یعنی یہ تمہارے جد اعلیٰ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنت ہیں۔'' اس پر صحابہ کرامؓ نے عرض کیا: ''ہمیں قربانی سے کیا فائدہ ہوگا۔'' فرمایا: ''تمہیں قربانی کے جانور کے ہر بال کے بدلہ میں ایک نیکی ملے گی۔'' اس پر صحابہ کرامؓ نے بڑے تعجب سے پوچھا: ''اون کے متعلق کیا حکم ہے (یعنی بھیڑ، مینڈھا، دنبہ اور دنبی کے جسم پر تو بہت بال ہوتے ہیں۔'' اس پر آپ ﷺ نے فرمایا کہ: ''اون کے ہر بال کے بدلہ میں بھی ایک نیکی ملے گی۔''

## قربانی مدینہ طیبہ میں واجب ہوئی

حضرت عبداللہ ابن عمرؓ سے روایت ہے فرمایا: ''رحمت عالم ﷺ دس سال تک مدینہ طیبہ میں رہے۔ ہر سال قربانی کرتے رہے۔ معلوم ہوا کہ قربانی صرف حجاج کرام کے لئے نہیں بلکہ ہر صاحب حیثیت مسلمان پر واجب ہے۔ چاہے وہ کہیں بھی قیام پذیر ہو۔'' (مسند احمد ج۷ ص۵۷)

## میدان عرفات میں قربانی کے وجوب کا اعلان

مخنف ابن سلیم فرماتے ہیں کہ ہم سرور دو عالم ﷺ کے ساتھ میدان عرفات میں تھے۔ آپ نے فرمایا: ''اے لوگو! ہر گھر والے پر ہر سال میں ایک مرتبہ قربانی واجب ہے۔'' (ابوداؤد ج۲ ص۳۸۵) ایسے ہی ابن ماجہ ص۲۳۳ پر بھی روایت موجود ہے۔ جس میں آپؐ نے فرمایا: ''اے لوگو! ہر گھر والے پر ہر سال میں ایک بار قربانی واجب ہے۔''

## قربانی کے وجوب پر اجماع صحابہؓ

امام محمد ابن سیرینؒ فرماتے ہیں۔ میں نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے دریافت کیا کہ کیا قربانی واجب

WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.COM WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.INFO WWW.LAULAK.INFO

ہے۔اس پر آپؐ نے فرمایا:''رسول اللہﷺ نے قربانی کی اور آپؐ کے بعد اہل اسلام (صحابہ کرامؓ) نے قربانی کی اور اس قربانی کا عمل سنت کے طور پر ہمیشہ کے لئے جاری ہے۔'' (ابن ماجہ ص۲۳۲) یہ حدیث قربانی کے دائمی سنت رسولؐ، سنت صحابہؓ، اور شعار امت ہونے پر واضح اور قطعی دلیل ہے۔

## عیدالاضحیٰ کے مسائل

ذی الحجہ کی آٹھویں اور نویں تاریخ کی درمیانی شب کو عبادت میں مشغول رہنا اور نویں تاریخ کو روزہ رکھنا مستحب ہے۔ ذی الحجہ کی دسویں، گیارھویں اور بارھویں تاریخ کو روزہ رکھنا جائز نہیں۔ حضورﷺ کی حدیث مبارک ہے۔ فرمایا:''عیدالاضحیٰ کے تین دنوں میں روزہ نہ رکھو۔ کیونکہ یہ کھانے پینے اور بیویوں کے قریب ہونے کے دن ہیں۔'' (نصب الرایہ ج۲ ص۴۸۴)

## تکبیرات تشریق

یوم عرفہ یعنی ذی الحجہ کی نویں تاریخ کی فجر کی نماز کے بعد سے تیرھویں کی عصر نماز تک پانچ دنوں کے اوقات کو ایام (تشریق، تکبیر پکارنے کے دن) کہتے ہیں۔ ان دنوں میں مقیم لوگوں کے لئے اکیلے ہوں یا باجماعت ہر فرض نماز کے بعد اونچی آواز سے ساتھ ایک مرتبہ تکبیرات تشریق کہنا واجب ہے۔ اگر امام بھول جائے تو مقتدی کو بلند آواز سے کہنا چاہئے۔ (ہدایہ ج۱ ص۱۴۴) تکبیرات تشریق یہ ہیں۔ اللہ اکبر، اللہ اکبر، لا الہ الا اللہ واللہ اکبر، اللہ اکبر وللہ الحمد!

## عیدالاضحیٰ کے دن خالی پیٹ عیدگاہ جانا مستحب ہے

عیدالفطر کے دن چھوہارے یا کوئی میٹھی چیز کھا کر عیدگاہ کے لئے جانا مسنون ہے اور عیدالاضحیٰ کے دن خالی پیٹ عیدگاہ جانا اور نماز سے فارغ ہو کر کچھ کھانا پینا خصوصاً اپنی قربانی کا گوشت کھانا مسنون و مستحب ہے۔ چنانچہ حضرت انسؓ فرماتے ہیں۔''عیدالفطر کے دن عیدگاہ کی طرف اس وقت تک روانہ نہیں ہوتے تھے جب تک چند کھجوریں تناول نہ فرمالیتے اور طاق عدد کھجوریں استعمال فرماتے تھے۔'' (بخاری شریف ج۱ ص۱۳۰)

نیز حضرت بریدہؓ سے روایت ہے۔''عیدالاضحیٰ کے دن کوئی چیز تناول نہیں فرماتے تھے۔ جب تک نماز ادا نہیں فرمالیتے تھے۔'' (ترمذی، زجاجۃ المصابیح ج۱ ص۱۲۶)

## قربانی کرنے والے کے لئے ذبح سے پہلے حجامت نہ کروانا بہتر ہے

جس شخص پر قربانی واجب ہو اس کے لئے بہتر یہ ہے کہ ذی الحجہ کی پہلی تاریخ سے لے کر دسویں تاریخ تک جب تک قربانی سے فارغ نہ ہولے۔ نہ سر منڈوائے، نہ داڑھی اور مونچھوں کے بڑھے ہوئے بال ترشوائے اور نہ ہی ناخن کٹوائے۔ تاکہ حجاج کرام سے مشابہت رہے۔ چنانچہ حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے۔ رحمت عالمﷺ نے فرمایا:''عیدالاضحیٰ کے دن ایک راستے سے جانا اور دوسرے راستے سے آنا مستحب عمل ہے۔ عیدین کے



WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.COM WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.INFO WWW.LAULAK.INFO

لئے اذان اور تکبیر کہنا قطعاً ناجائز اور بدعت مردودہ ہے۔“ (مسلم شریف، کتاب الاضاحی ج۲ص۱۶۰)

عیدگاہ میں جا کر سب سے پہلا عمل نماز ادا کرنا ہے اور خطبہ بعد میں ہے۔ (بخاری شریف)

## نماز عید کا طریقہ

نماز عید کا طریقہ یہ ہے کہ دو رکعات نماز عید الاضحیٰ مع چھ تکبیرات زائد کے، نیت کر کے امام کے ساتھ پہلی تکبیر کہے اور ہاتھ باندھ لے اور ثنا پڑھے۔ اس کے بعد فاتحہ سے قبل دو بار تکبیر کہے اور ہاتھ کانوں تک لے جا کر چھوڑ دے۔ تیسری تکبیر اسی طرح کہہ کر ہاتھ باندھ لے۔ پھر امام سورۃ فاتحہ اور کوئی سی سورۃ پڑھ کر پہلی رکعت مکمل کرے گا۔ دوسرے رکعت میں سورۃ فاتحہ اور کوئی سی سورۃ پڑھنے کے بعد تینوں تکبیروں میں ہاتھ کھلے چھوڑ دیں اور چوتھی تکبیر بغیر ہاتھ اٹھاتے ہوئے کہہ کر رکوع کی طرف چلے جائیں اور رکعت و نماز مکمل کر لیں۔ اگر ایک آدمی ایسی حالت میں نماز عید میں شامل ہوا کہ امام پہلی رکعت شروع کر چکا تھا تو نماز میں شامل ہو جائے اور اپنی رہی ہوئی تکبیرات پڑھ لے اور اگر پہلی رکعت کے رکوع میں شامل ہوا تو رکوع کی حالت تکبیرات زائدہ پڑھ لے اور اب ہاتھ اٹھا کر چھوڑنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ (ردالمختار ج۱ص۶۱۶)

جس شخص کی نماز عید میں پہلی رکعت رہ گئی اور دوسری رکعت میں شامل ہوا وہ امام کے سلام پھیرنے کے بعد کھڑا ہو کر اپنی دوسری اور در حقیقت فوت شدہ پہلی رکعت پوری کرنے کے لئے ثناء، فاتحہ اور کوئی سورۃ پڑھ لے تو رہی ہوئی تین تکبیرات زائدہ کہہ کر پھر رکوع میں چلا جائے۔ (البحرالرائق ج۲ص۱۶۱)


### احتساب مکمل سیٹ!

جو ۳۰ جلدوں پر مشتمل ہے۔ اس کی رعایتی قیمت صرف تین ہزار روپے ہے۔ ریلوے، یا ٹرک سے بلٹی ہوگی اور بلٹی رجسٹرڈ ڈاک سے ارسال ہوگی۔ جو دفتر کے ذمہ ہوگا۔ ۳۰ رجلدوں کا مکمل سیٹ منگوانے کی رقم کا پیشگی آنا ضروری ہے۔ آج ہی اس رعایت سے فائدہ اٹھائیں۔

ناظم دفتر مرکزیہ! عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

حضوری باغ روڈ ملتان (پاکستان)


WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.COM
WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.INFO
WWW.LAULAK.INFO

# فتنہ انکار ختم نبوت ...... اسلام کے خلاف فرنگی سازش!

آخری قسط

مولانا مجاہد الحسینی

## قادیانیت (احمدیت) کی بابت عدلیہ کے فیصلے

مرزا غلام احمد قادیانی نے جب سے جھوٹی نبوت کا دعویٰ کیا ہے۔ اس وقت سے مسلمانوں نے وقتاً فوقتاً اس کے غیر اسلامی اور گمراہ کن عقائد و نظریات کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی اور عدلیہ کا دروازہ کھٹکھٹایا ہے۔ عدلیہ نے ہمیشہ قادیانیوں کے خلاف ہی فیصلے کئے ہیں۔ حتیٰ کہ انگریزی دور اقتدار میں مختلف انگریز ججوں نے بھی مرزا قادیانی کے خلاف ہی فیصلے دیئے تھے۔ قیام پاکستان کے بعد ۱۹۸۱ء سے ۱۹۹۲ء تک لاہور ہائیکورٹ نے پانچ فیصلے اور وفاقی شرعی عدالت نے ۱۹۸۴ء اور ۱۹۹۱ء میں دو فیصلے اور سپریم کورٹ آف پاکستان نے ۱۹۹۳ء میں ایک، سپریل کورٹ شریعت اپیل بنچ نے ۱۹۸۸ء میں ایک فیصلہ دیا۔ جب کہ کوئٹہ ہائیکورٹ نے بھی ۱۹۸۷ء میں قادیانیوں کے خلاف فیصلہ دے کر اسلام کی تاریخی اور قرآن اولیٰ کے فیصلوں کے مطابق اپنی صحیح روایات کو زندہ و تابندہ رکھا ہے۔

## محمد رسول اللہ ﷺ سے مرزائیوں کی مراد کیا ہے؟

### مسٹر جسٹس خلیل رمدے (سابق ایڈووکیٹ جنرل پنجاب)

مرزا غلام احمد قادیانی کا مذہب خود کاشتہ پودا ہے جو برطانوی سامراج کا پیدا کردہ تھا۔ اس لئے مرزا غلام احمد قادیانی کے جو پیروکار مرزا غلام احمد کے لئے محمد رسول اللہ کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ وہ حضرت نبی آخرالزمان محمد رسول اللہ ﷺ کی توہین کے مرتکب ہوتے ہیں۔ مرزا غلام احمد قادیانی نے اپنی کتابوں (ایک غلطی کا ازالہ، آئینہ کمالات اسلام اور تبلیغ رسالت) میں محمد رسول اللہ ہونے کا دعویٰ کیا ہے اور اپنی نبوت کے دعویٰ کے سلسلے میں انتہائی غلیظ زبان استعمال کی ہے۔ جب کہ یہ ایک طے شدہ حقیقت ہے کہ خود مرزا قادیانی انگریز کی پیداوار تھے۔

(روزنامہ جنگ، نوائے وقت لاہور ۱۲؍جولائی ۱۹۸۷ء)

## سنگلاخ زمین میں جھوٹی نبوت کے پودے کی کاشت

### جسٹس ایم۔ آر کیانی (سابق جسٹس لاہور ہائیکورٹ)

قادیانیوں کے مرکز ربوہ میں تعلیم الاسلام کالج کی ایک خصوصی تقریب منعقد ہوئی۔ جس کے مہمان خصوصی لاہور ہائیکورٹ کے سابق چیف جسٹس ایم۔ آر کیانی مدعو کئے گئے تھے۔

WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.COM WWW.KHATM-E-NUBUWWAT.INFO WWW.LAULAK.INFO

مرزا ناصر احمد (مرزا غلام احمد قادیانی کا پوتا) ان دنوں کالج کا پرنسپل تھا۔ اس نے مہمان خصوصی کیانی صاحب کی خدمت میں سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ جن دنوں ربوہ آباد کیا گیا تھا تو یہاں پر درختوں اور سبزے کا نام ونشان نہ تھا۔ پھر ہم نے باہر سے مٹی منگوا کر گہرے گڑھے کھود کر اس میں درخت لگائے اور پھولدار پودے کاشت کئے۔ آج یہ شہر سبزہ زار کا منظر پیش کر رہا ہے۔

